RNINo.APURD/2009/3078 0

روزنامہ
بے زبانوں کی زبان
صدائے حسینی
حیدرآباد
Sada-E-Hussaini
URDU DAILY

جلد (18) شمارہ (179) صفحات (8) یکم رجولائی 2026 15 محرم الحرام 1448ھ چہارشنبہ 01-07-2026 Wednesday Rs .1 (with DN Rs. 5)

وزیراعظم مودی نے اعلیٰ افسران کیساتھ حکومت کی ترجیحات کا جائزہ لیا

اصلاحات کو تیز کرنے، اے آئی اختیار کرنے پر دیا زور

نئی دہلی، 30 جون (ایجنسی) وزیراعظم نریندر مودی نے منگل کو مرکزی حکومت کی تمام وزارتوں کے سکریٹریوں کے ساتھ ایک اعلی سطحی میٹنگ کی صدارت کی جس میں اہم پالیسی اصلاحات، انتظامی کارکردگی، کاروبار میں آسانی اور 'وکست بھارت '2047 کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے حکومت کی طویل مدتی حکمت عملی کا جائزہ لیا گیا۔تقریبا چار گھنٹے تک جاری رہی اس میٹنگ میں کابینہ سکریٹری ٹی وی سومناتھن، وزیراعظم کے پرنسپل سکریٹری پی کے مشرا، پرنسپل سکریٹری شکتی کانت داس، محکمہ فوجی امور (ڈی ایم اے) کے سکریٹری اور مختلف وزارتوں اور محکموں کے سکریٹریوں نے شرکت کی۔موجودہ مالی سال میں تمام مرکزی سکریٹریوں کیساتھ وزیراعظم کی یہ پہلی جامع جائزہ میٹنگوں میں سے ایک تھی۔ذرائع کے مطابق میٹنگ کا مقصد سال 2026 کے دوسرے نصف حصے کیلئے حکومت کی ترجیحات کے مطابق اعلی بیوروکریسی کو تیار کرنا اور اہم اصلاحات اور اچھی حکمرانی کے اقدامات کے نفاذ میں تیزی لانا تھا۔میٹنگ میں ایز آف ڈوئنگ بزنس (کاروبار میں آسانی) کو نمایاں طور پر اٹھایا گیا۔حکام نے انتظامی رکاوٹوں کو دور کرنے، ریگولیٹری بوجھ کو کم کرنے، تعمیل کے عمل کو آسان بنانے اور ہندوستان کی اقتصادی مسابقت کو مضبوط کرنے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔اس کے ساتھ ہی شہریوں پر مرکوز اصلاحات اور عوامی خدمات کی بہتر فراہمی کے ذریعے ایز آف لیونگ کو بہتر بنانے کے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں سکریٹریوں نے 'وکست بھارت '2047 کے روڈ میپ پر اپنی اپنی وزارتوں کی پیش رفت رپورٹ پیش کی۔انہوں نے وزارت وار نفاذ کی حکمت عملیوں اور طویل مدتی ترقیاتی اہداف کی تفصیلات فراہم کیں، جن کا مقصد آزادی کے صد سالہ سال تک ہندوستان کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانا ہے۔ وزیراعظم مسٹر مودی نے 52"ہفتوں میں 52 اصلاحات "مہم کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔اس دوران مقررہ وقت کے اندر انتظامی اصلاحات کے نفاذ کے لیے وزارتوں کی کارکردگی اور عمل آوری کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں اگلی نسل کی ٹیکنالوجیز کو اپنانے پر بھی خصوصی زور دیا گیا۔ مختلف وزارتوں نے مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کے استعمال سے کام کی کارکردگی بڑھانے، فیصلہ سازی کے عمل کو تیز کرنے اور محکمہ جاتی کارروائیوں میں تاخیر کو کم کرنے کے حوالے سے اپنی پیش رفت کا اشتراک کیا۔ذرائع کے مطابق سینئر حکام نے اپنی اپنی وزارتوں کی کارکردگی، اصلاحات کی کامیابیوں، نفاذ سے جڑے چیلنجوں، پالیسی کے نتائج پر تفصیلی پیشکشیں دیں۔ یہ میٹنگ ایسے وقت میں ہوئی ہے جب مرکزی حکومت انتظامی کارکردگی بڑھانے، قوانین کو آسان بنانے اور نتائج پر مبنی گڈ گورننس کو یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔گزشتہ دو ماہ سے بھی کم عرصے میں اعلی بیوروکریسی کے ساتھ وزیراعظم کی یہ دوسری اہم جائزہ میٹنگ تھی۔ اس سے قبل 21 مئی کو بھی وزیراعظم نے مرکزی وزرا کی کونسل اور مختلف وزارتوں کے سکریٹری کے ساتھ میٹنگ کر کے 'وکست بھارت '2047 کے مطابق ریگولیٹری روڈ میپ تیار کرنے کا جائزہ لیا تھا۔اس میٹنگ میں وزیراعظم مودی نے فیصلہ سازی کے عمل کو تیز کرنے، فائلوں کے غیر ضروری زیرالتوا رہنے کے رجحان کو ختم کرنے اور ساختی اصلاحات کے ذریعے حکمرانی کے نظام کو آسان بنانے کی ہدایات دی تھیں۔انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ 'وکست بھارت '2047 صرف ایک نعرہ نہیں ہے۔

صدر پزشکیان سے بھارتی وزیراعظم کی ٹیلیفونک گفتگو

نئی دہلی۔30/جون (مہر خبر رساں ایجنسی رصدائے حسینی) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ٹیلیفون پر رابطہ کر کے مغربی ایشیا کی حالیہ صورتحال، جاری مذاکرات اور آبنائے ہرمز میں بحری آمدو رفت کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا۔تفصیلات کے مطابق نریندر مودی نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ انہوں نے صدر مسعود پزشکیان سے مغربی ایشیا کی حالیہ پیش رفت پر گفتگو کی، مذاکرات میں ہونے والی پیش رفت کا خیر مقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ جاری سفارتی کوششیں خطے میں پائیدار امن کے قیام پر منتج ہوں گی۔ بھارتی وزیر اعظم نے کہا کہ انہوں نے ٹیلیفونک گفتگو میں بھارت اور عالمی برادری کے لیے آبنائے ہرمز میں آزاد اور محفوظ جہاز رانی کی اہمیت پر بھی زور دیا۔دوسری جانب ایران پہلے ہی اعلان کر چکا ہے کہ اگر مستقل جنگ بندی قائم ہو جائے، جنگ کا خاتمہ ہو جائے تو وہ ضروری سیکورٹی پروٹوکولز کو مدنظر رکھتے ہوئے آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں کی محفوظ آمدورفت کی ضمانت دینے کیلئے تیار ہے۔



رام مندر چندہ چوری میں اگر کوئی مسلمان ملوث ہوتا تو

اس کا انکاونٹر کر دیا جاتا: بیرسٹر اویسی

نئی دہلی۔30/جون (ایجنسی) بیرسٹر اسدالدین اویسی صدر کل ہند مجلس اتحاد المسلمین ورکن پارلیمنٹ حیدرآباد نے ریاست اتر پردیش کے بجنور ضلع میں رام مندر کے چندہ چوری کے معاملہ پر بی جے پی کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔انہوں نے کہا کہ اگر ٹرسٹ میں کوئی مسلمان ہوتا تو وہ اس کے گھر کو بلڈوز کر دیتے اور اسے انکاونٹر میں مار دیتے۔اسدالدین اویسی نے کہا مجھ سے پوچھا گیا کہ آپ رام مندر فنڈ ریزنگ اسکینڈل کے بارے میں کیا کہیں گے؟ میں نے کہا کہ اگر ٹرسٹ میں کوئی مسلمان ہوتا تو گھوٹالہ سامنے آنے کے بعد مسلمان کو انکاونٹر میں مار دیا جاتا۔

اسرائیلی حملوں سے جنوبی شام میں خوف وہراس خاندان گھر بار چھوڑنے پر مجبور

دمشق۔30/جون (ایجنسی) جنوبی شام کے صوبے درا میں اسرائیلی فوج کی تازہ کارروائی کے بعد متعدد خاندان اپنے گھروں سے نقل مکانی پر مجبور ہو گئے۔عرب میڈیا کے مطابق مقامی افراد نے اسرائیلی فوج کی پیش قدمی روکنے کی کوشش کی جس کے نتیجے میں رہائشی علاقوں کے قریب گولہ باری کی گئی۔شامی وزارتِ خارجہ نے اسرائیلی حملوں کو شام کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کی کھلی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے شدید مذمت کی جس کے بعد اسرائیلی فوج علاقے سے واپس چلی گئی، بعدازاں پیر کی صبح حالات معمول پر آ گئے اور متاثرہ خاندان گھروں کو لوٹ آئے۔عرب میڈیا کا کہنا ہے کہ اسرائیل نے دعوی کیا ہے کہ اس نے کئی مسلح افراد کو ہلاک کیا تاہم اس حوالے سے کوئی مقام یا ثبوت فراہم نہیں کیے گئے ہیں۔عرب میڈیا کے مطابق بشارالاسد کی حکومت کے خاتمے کے بعد سے اسرائیل نے جنوبی شام میں اپنی فوجی کارروائیاں تیز کر دی ہیں، مقبوضہ جولان کی پہاڑیوں سے ملحق علاقوں میں اسرائیلی دراندازی اور حملوں میں مسلسل اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔واضح رہے کہ اسرائیلی وزیرِ دفاع اسرائیل کاٹز نے گزشتہ ہفتے اپنے بیان میں کہا تھا کہ شام میں زیرِ قبضہ علاقوں میں اسرائیلی فوج غیر معینہ مدت تک موجود رہے گی۔

ایران معاہدے پر امریکی وفد کی دوحہ میں قطری وزیراعظم سے ملاقات

تہران۔30/جون (مہر خبر رساں ایجنسی رصدائے حسینی) امریکی صدر کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور داماد جیرڈ کشنر منگل کے روز دوحہ میں قطر کے وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد بن عبدالرحمن آل ثانی سے ایران کے ساتھ مفاہمتی معاہدے پر بات چیت کریں گے۔امریکی رپورٹر باراک راوڈ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر وائٹ ہاس ذرائع کے حوالے سے دعوی کیا ہے کہ یہ ملاقات واشنگٹن اور تہران کے درمیان دوحہ میں جاری مشاورتی عمل کا حصہ ہوگی۔رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ اسٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر دوحہ میں دیگر حکام سے بھی ملاقاتیں کریں گے، جبکہ بدھ کے روز امریکی اور ایرانی مذاکرات کار الگ الگ قطری اور پاکستانی ثالثوں سے مشاورت کریں گے۔دوسری جانب ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے اس سے قبل کہا تھا کہ ایرانی وفد مفاہمتی یادداشت کے حوالے سے مشاورت کے لیے جلد قطر جائے گا، تاہم امریکی نمائندوں کے ساتھ کسی بھی براہِ راست ملاقات یا مذاکرات کا کوئی پروگرام نہیں ہے۔اسی حوالے سے قطر کی وزارت خارجہ نے بھی واضح کیا ہے کہ ایران اور امریکہ کے نمائندوں کے درمیان دوحہ میں ملاقات کا کوئی پروگرام طے نہیں ہے۔

اسلام قبول کرنے والا آیوش ملک نے دوبارہ ہندو مذہب اختیار کر لیا

لکھنو۔30/جون (ایجنسی) اتر پردیش کے ضلع شاملی کے رہنے والا آیوش ملک، جس کے اسلام قبول کرنے کا معاملہ ریاست کے انسدادِ تبدیلی مذہب قانون کے تحت زیرِ تفتیش تھا، نے اب دوبارہ ہندو مذہب اختیار کر لیا ہے۔گھر والوں کے مطابق آیوش نے اپنے والدین کی تکلیف کو دیکھتے ہوئے اپنی مرضی سے "سناتن دھرم میں واپسی کا فیصلہ کیا۔سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ایک ویڈیو میں آیوش ہندو مذہبی رسومات ادا کرتے ہوئے نظر آ رہا ہے ویڈیو میں اس نے کہا، "میں نے اسلام قبول کیا تھا، لیکن اپنے خاندان اور والدین کی پریشانی کو دیکھتے ہوئے اپنی خوشی سے دوبارہ ہندو مذہب اختیار کر لیا ہے۔اب میں اپنے خاندان کے ساتھ رہنا چاہتا ہوں۔

آپریشن امتساد کے تحت وینزویلا میں بھارتی فوج کا فیلڈ اسپتال فعال

نئی دہلی۔30 جون۔ایم این این۔زلزلہ زدہ وینزویلا میں بھارت کے انسانی امدادی مشن آپریشن امتساد کے تحت تعینات بھارتی فوج کا فیلڈ اسپتال مکمل طور پر فعال ہو گیا ہے اور متاثرہ افراد کو چوبیس گھنٹے مفت طبی خدمات فراہم کرنا شروع کر دی ہیں۔ بھارتی سفارت خانے کے مطابق تجربہ کار بھارتی ڈاکٹروں پر مشتمل طبی ٹیم نے دارالحکومت کراکس کے انٹرنیشنل لارنکوناڈ ایریس ٹریک پر طبی کیمپ قائم کیا ہے، جہاں مریضوں کے لیے تمام خدمات بلا معاوضہ اور شب و روز دستیاب ہیں۔ بھارتی وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ آپریشن امتساد کے ذریعے بھارتی فوج زلزلہ متاثرین کی مدد کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ بھارت نے آپریشن امتساد کے تحت بھارتی فضائیہ کے دو سی 17- گلوب ماسٹر طیاروں کے ذریعے 66 ٹن امدادی سامان وینزویلا پہنچایا، جس میں بھارتی فوج کا فیلڈ اسپتال، 35 ٹن سے زائد امدادی اشیا، ادویات، طبی آلات اور دو بھشم (BHISHM) کیوبز شامل ہیں۔ یہ مشن وینزویلا میں حالیہ تباہ کن زلزلوں کے بعد جاری امدادی سرگرمیوں کو تقویت فراہم کرے گا۔ رپورٹ کے مطابق فیلڈ اسپتال ابتدائی طور پر 20 بستروں پر مشتمل ہے، جسے ضرورت پڑنے پر 50 بستروں تک توسیع دی جا سکتی ہے۔اسپتال نے اپنے پہلے ہی دن متعدد مریضوں کا علاج شروع کر دیا ہے اور ہنگامی طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔

سیشلز میں وزیراعظم مودی کی ماریشس کے وزیراعظم نوین چندر رام غلام سے ملاقات

سیشلز۔30 جون (ایم این این) وزیراعظم نریندر مودی نے سیشلز کے گولڈن جوبلی قومی دن کی تقریبات کے موقع پر ماریشس کے وزیراعظم نوین چندر رام غلام سے ملاقات کی، جس میں دونوں رہنماوں نے بھارت۔ماریشس دوطرفہ تعلقات، جاری ترقیاتی منصوبوں اور خطے میں تعاون کو مزید وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا۔ یہ نومبر 2024 میں رام غلام کے عہدہ سنبھالنے کے بعد دونوں رہنماوں کی چوتھی ملاقات تھی۔ مذاکرات میں بھارت کی جانب سے فراہم کیے گئے خصوصی اقتصادی پیکیج پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، جبکہ صحت، رابطہ کاری، پائیدار ترقی اور بلیو اکانومی کے شعبوں میں جاری منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھارت ماریشس کی ترقی اور خوشحالی کو خصوصی اہمیت دیتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان جاری منصوبے ماریشس کی اقتصادی اور سماجی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے۔ بھارت ماریشس کو گرانٹس اور لائن آف کریڈٹ کے ذریعے مختلف ترقیاتی منصوبوں میں مسلسل معاونت فراہم کر رہا ہے۔

تلنگانہ میں جامع ڈیٹا سینٹر اور اے آئی انفراسٹرکچر کیمپس

سنیل متل نے حیدرآباد کو ایئرٹیل کا دوسرا ہیڈ کوارٹر بنانے کا اعلان کیا

ایئرٹیل ڈیٹا سینٹر کی صلاحیت بڑھانے اور فائبر کنیکٹیویٹی کو وسعت دینے کے لیے بھی تیار

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے بھارتی انٹرپرائزز کے چیئرمین سنیل بھارتی متل نے کی ملاقات

حیدرآباد۔30/جون (سفیر نیوز/صدائے حسینی) وزیر اعلی جناب اے ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت نے تلنگانہ میں ایک بڑا اور جامع ڈیٹا سینٹر اور اے آئی انفراسٹرکچر کیمپس قائم کرنے کے امکانات تلاش کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ بھارتی انٹرپرائزز کے چیئرمین سنیل بھارتی متل نے آج ایم سی آر ایچ آر ڈی (MCRHRD) بودھی پوپلین میں وزیراعلی ریونت ریڈی سے خیر سگالی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران، وزیراعلی نے حیدرآباد میں ایئرٹیل کے ڈیجیٹل، کلاڈ، سائبر سیکیورٹی، اور اے آئی آپریشنز کی توسیع پر توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعلی نے چندن ویلی ڈیٹا سینٹر پروجیکٹ کو بھی جلد شروع کرنے کا مشورہ دیا۔ وزیراعلی نے متل کو مشورہ دیا کہ وہ مستقبل میں سرمایہ کاری کے مواقع پر تلنگانہ حکومت کے ساتھ تال میل قائم کرنے اور مسائل کو تیزی سے حل کرنے کے لیے ایک سینئر ایگزیکٹو کو نامزد کریں۔ یہ اعلان کرتے ہوئے کہ بھارتی کمپنی حیدرآباد کو ایئرٹیل کا دوسرا ہیڈ کوارٹر بنانے پر غور کر رہی ہے، متل نے یقین دہانی کرائی کہ کمپنی ڈیٹا سینٹر کی صلاحیت کو مزید بڑھانے اور فائبر کنیکٹیویٹی کو وسعت دینے کے لیے آگے بڑھے گی۔ وزیراعلی ریونت ریڈی نے متل کو تلنگانہ حکومت کے تعلیمی شعبے میں متعارف کرائی گئی اصلاحات، بے روزگاروں کی مہارتوں کو بڑھانے کے لیے ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی کے قیام، آئی ٹی آئیز (ITIs) کو اے ٹی سینز (Advanced Technology Centres) میں تبدیل کرنے اور پولی ٹیکنک کالجوں کی ترقی کے بارے میں معلومات فراہم کیں۔ سنیل متل نے اعلان کیا کہ بھارتی فاؤنڈیشن کے ذریعے سرکاری اسکولوں اور اے ٹی سینز (ATCs) میں پڑھنے والے طلبا کو اسکالرشپ فراہم کی جائیں گی۔

لاہور میں ٹیوشن سینٹر کی چھت گرنے سے 14 بچے جاں بحق

لاہور۔30/جون (ایجنسی) لاہور کے علاقے کاہنہ میں منگل کو ایک اندوہناک حادثے میں نجی ٹیوشن سینٹر کی چھت اچانک گرنے سے کم از کم 14 بچے جاں بحق جبکہ متعدد دیگر زخمی ہو گئے۔ایک رپورٹ کے مطابق، حادثے کے وقت ٹیوشن سینٹر میں 30 سے زائد بچے موجود تھے، جن میں سے کئی ملبے تلے دب گئے۔امدادی اداروں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے زخمی بچوں کو اسپتال منتقل کیا اور کئی گھنٹوں تک جاری رہنے والے ریسکیو آپریشن کے بعد تمام متاثرین کو ملبے سے نکال لیا گیا۔لاہور کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آپریشنز فیصل کامران نے 14 بچوں کی ہلاکت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ واقعے کی مکمل تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ابتدائی اطلاعات کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں 8 بچوں کی عمر 5 سے سولہ برس کے درمیان تھیں۔حکام کا کہنا ہے کہ حادثے میں زخمی ہونے والے متعدد بچوں کو فوری طور پر کاہنہ اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں پانچ بچوں کا علاج جاری تھا جبکہ دیگر زخمیوں کی حالت پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے۔صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے بتایا کہ مجموعی طور پر 19 زخمی بچوں کو اسپتال پہنچایا گیا تھا، جن میں سے 14 دم توڑ گئے جبکہ باقی بچوں کو طبی سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں۔واقعے کے بعد قریبی لاہور جنرل اسپتال میں ہنگامی حالت نافذ کر دی گئی اور ڈاکٹروں، نرسوں اور طبی عملے کو فوری طور پر طلب کر لیا گیا تاکہ زخمی بچوں کا بروقت علاج ممکن بنایا جا سکے۔

امریکہ معاہدے کی پاسداری کرے تو ایران بھی اپنے وعدے نبھائے گا: صدر پزشکیان

تہران۔30/جون (مہر خبر رساں ایجنسی رصدائے حسینی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ اگر امریکہ مفاہمتی یادداشت کی پاسداری کرے تو ایران بھی اپنے تمام وعدوں اور ذمہ داریوں پر عمل کرے گا، تاہم ملکی دفاع کے معاملے میں ایران کا ردعمل فیصلہ کن ہوگا۔صدر مسعود پزشکیان نے اپنے سوشل میڈیا پیغام میں کہا کہ افہام وتفہیم دوطرفہ عمل ہے۔اگر امریکی فریق مفاہمتی یادداشت پر عمل کرے تو ہم بھی اپنی تمام ذمہ داریاں پوری کریں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ بے بنیاد دھمکیوں اور غیر معقول رویوں کے مقابلے میں ہمارا طریق کار عقل، تدبر اور انسانی وقار پر مبنی ہے، لیکن جب عملی اقدام اور دفاع کی بات آئے گی تو ہمارا جواب مضبوط، جرات مندانہ اور فیصلہ کن ہوگا۔صدر کے یہ بیانات ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب ایران اور امریکہ کے درمیان گزشتہ دنوں فوجی جھڑپوں کے باعث 18 جون کو ہونے والے جنگ بندی معاہدے پر دباؤ بڑھ گیا ہے۔ایران کے مطابق، حالیہ امریکی فضائی حملوں کے جواب میں سپاہ پاسداران انقلاب نے کویت اور بحرین میں امریکی فوجی اہداف کو نشانہ بنایا، جبکہ ایران کی وزارت خارجہ نے امریکی حملوں کو جنگ بندی معاہدے کی صریح خلاف ورزی قرار دیا۔

امریکی سپریم کورٹ نے پیدائشی شہریت رکھی برقرار

واشنگٹن۔30/جون (ایجنسی) امریکی سپریم کورٹ نے امریکہ میں پیدائش پر شہریت کے حق) برتھ رائٹ سٹیزن شپ (کو محدود کرنیکا صدارتی حکم نامہ مسترد کر دیا۔امریکی سپریم کورٹ کا 6-3 کی اکثریت سے دیا گیا یہ فیصلہ رواں سال میں دوسرا موقع ہے جب عدالت نے ٹرمپ کی کسی بڑی پالیسی کو کالعدم قرار دیا ہے۔اس سے قبل امریکی سپریم کورٹ نے ٹرمپ کے عالمی تجارتی ٹیرف کو کالعدم قرار دیا تھا۔امریکی سپریم کورٹ نے ماتحت عدالت کے اس فیصلے کو برقرار رکھا ہے جس میں ٹرمپ کے صدارتی حکم نامیکو روکا گیا تھا۔اس صدارتی حکم نامے میں امریکی اداروں کو ہدایت دی گئی تھی کہ وہ ایسے بچوں کو امریکی شہریت نہ دیں جو امریکہ میں پیدا ہوئے ہوں لیکن ان کے والدین نہ تو امریکی شہری ہوں اور نہ ہی قانونی طور پر مستقل رہائشی) گرین کارڈ ہولڈر (ہوں۔عدالت نے اپنی مدت کے آخری دن، امریکی سرزمین پر پیدا ہونے والے تقریبا ہر فرد کے لیے امریکی شہریت کا حق برقرار رکھنے کے لیے 6-3 کا فیصلہ دیا۔ اس سے قبل نچلی عدالتوں نے اس اقدام کو روک دیا تھا۔سپریم کورٹ نے چیف جسٹس جان رابرٹس کی طرف سے لکھی گئی اکثریتی رائے سے اتفاق کیا۔

23 اپوزیشن پارٹیوں نے سی جے آئی کو لکھا خط

الیکشن کمیشن کے ایس آئی آر رول پر کیا سوال

نئی دہلی۔30/جون (ایجنسی) ملک کی تئیس سیاسی جماعتوں اور ایک آزاد رکن پارلیمنٹ نے منگل کو چیف جسٹس آف انڈیا جسٹس سوریہ کانت کو ایس آئی آر کے عمل، الیکشن کمیشن کے کردار اور انتخاب سے متعلق دیگر مسائل پر ایک مشترکہ خط بھیجا ہے۔دستخط کرنے والوں میں انڈیا بلاک کی تمام بڑی پارٹیوں کیساتھ ساتھ عاپ اور ڈی ایم کے شامل ہیں جنہوں نے خود کو اتحاد سے الگ کر لیا ہے۔کانگریس کے جنرل سیکریٹری جے رام رمیش نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ کے ذریعے یہ معلومات دی اور کہا کہ اپوزیشن جماعتیں مضبوطی کے ساتھ "SURE"یعنی یکجہتی، اتحاد اور مزاحمت " کے اصول پر قائم ہیں۔جے رام رمیش نے ایکس پر لکھا، "8 جون 2026 کو انڈیا جن بندھن کی میٹنگ میں 21 سیاسی جماعتوں اور ایک آزاد رکن پارلیمنٹ نے شرکت کی۔ اس اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ الیکشن کمیشن آف انڈیا کے اسپیشل انٹینسیو ریویژن (ایس آئی آر) عمل اور انتخابات سے متعلق دیگر امور پر معزز چیف جسٹس آف انڈیا کو ایک مشترکہ خط ارسال کیا جائے۔ "انہوں نے کہا۔ "ان کے مطابق، اب 23 سیاسی جماعتوں کے علاوہ ایک آزاد رکن کے دستخط شدہ ایک مشترکہ خط آج عزت مآب چیف جسٹس آف انڈیا کو بھیجا گیا ہے،"مشترکہ خط پر کانگریس کے صدر ملکارجن کھرگے، لوک سبھا لیڈر اپوزیشن راہل گاندھی، ٹی ایم سی سربراہ ممتا بنرجی، آر جے ڈی لیڈر تیجسوی یادو، ایس پی سربراہ اکھلیش یادو، جھارکھنڈ کے وزیراعلی ہیمنت سورین، جموں کشمیر کے وزیراعلی عمر عبداللہ، بائیں بازو کے رہنماں اور آزاد رکن پارلیمنٹ کپل سبل کے علاوہ دیگر نے دستخط کیے ہیں۔ٹی ایم سی لیڈر ڈیرک اوبرائن نے کہا کہ اس خط پر عام آدمی پارٹی اور ڈی ایم کے نے بھی دستخط کئے ہیں۔ انہوں نے ایکس پر کہا۔"انڈیا اتحاد کی پیش رفت اچھی ہے۔اور ہاں، عام آدمی پارٹی، ڈی ایم کے نے بھی سی جے آئی کو مشترکہ خط پر دستخط کیے،"۔اوبرائن نے بعد میں میڈیا کو بتایا کہ "یہ خط انڈیا بلاک کی تمام جماعتوں کا مکمل ٹیم ورک ہے۔"پیشرفت سے واقف ایک سینئر اپوزیشن لیڈر کے مطابق، خط اس خیال کے گرد مرکوز ہے کہ جب باقی سب کچھ ناکام ہوجاتا ہے، ہندوستانی جمہوریت عدلیہ کی طرف دیکھتی ہے۔اپوزیشن لیڈر نے کہا۔"یہ عدلیہ کے ضمیر سے اپیل کرتا ہے۔عدلیہ کو دیکھنا ہے کہ آج ملک میں کیا ہو رہا ہے۔جب باقی سب کچھ ناکام ہو جائے تو ہم کس کی طرف رجوع کرتے ہیں؟ "۔ذرائع نے بتایا کہ خط میں الیکشن کمیشن آف انڈیا کے کردار کا بھی حوالہ دیا گیا ہے،جس میں مثالیں پیش کی گئی ہیں کہ کس طرح ایس آئی آر کے عمل نے مختلف ریاستوں میں لوگوں کو متاثر کیا ہے۔رمیش نے کہا کہ 8 جون کو ہوئی انڈیا الائنس کے رہنماں کی میٹنگ میں سی جے آئی کو خط لکھنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ ملکارجن کھرگے، راہل گاندھی، ممتا بنرجی، تیجسوی یادو، اکھلیش یادو، ہیمنت سورین، عمر عبداللہ، کپل سبل اور ڈیرک اوبرائن نے خط پر دستخط کیے تھے۔ حزب اختلاف کے رہنماں نے اس خیال کا اظہار کیا کہ جب مرکز میں تمام نظام ناکام ہوجاتے ہیں تو ہندوستانی جمہوریت عدالتی نظام میں پناہ لیتی ہے۔حزب اختلاف کے رہنماں نے عدلیہ سے کہا ہے کہ وہ ملک میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کا نوٹس لے اور اسے صورتحال کا خیال رکھنے کو کہا۔انہوں نے کہا کہ خط میں ای سی آئی کے کردار اور مختلف ریاستوں میں ووٹروں پر انتخابات کے اثرات کا ذکر کیا گیا ہے۔کانگریس پارٹی اور اپوزیشن مرکزی حکومت کی طرف سے لاگو کی جا رہی خصوصی گہری نظرثانی پالیسی پر سوال اٹھا رہے ہیں۔

رام مندر چڑھاوا چوری پر ایس آئی ٹی رپورٹ عام کرے حکومت: کانگریس

نئی دہلی۔30/جون (ایجنسی) کانگریس نے ایودھیا کے رام مندر میں چڑھاوا چوری کے معاملے میں بڑے اور ذمہ دار لوگوں کو بچانے کا الزام لگاتے ہوئے مرکزی حکومت اور مندر ٹرسٹ سے اس معاملے کی جانچ کے لیے تشکیل دی گئی خصوصی جانچ ٹیم (ایس آئی ٹی) کی رپورٹ عام کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔کانگریس کی سوشل میڈیا اینڈ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی چیئرپرسن محترمہ سپریہ شرینیت نے منگل کو یہاں پارٹی ہیڈ کوارٹر میں پریس کانفرنس میں کہا کہ رام مندر میں چڑھاوا چوری 'مہاپاپ 'ہے لیکن پران پرتشٹھا اور سنگ بنیاد میں اہم کردار ادا کرنے والے وزیراعظم نریندر مودی اس معاملے پر خاموش ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ خصوصی جانچ ٹیم) ایس آئی ٹی (کی رپورٹ جمع ہونے کے باوجود اسے عام نہیں کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عقیدت مندوں نے عقیدت کے ساتھ عطیہ دیا تھا لیکن ان کے عقیدت کے ساتھ کھلواڑ ہوا۔ان کا کہنا تھا کہ سی ٹی وی فوٹیج میں 40 دنوں کے اندر 70 چوریوں کا پتہ چلا ہے۔ایسے میں گزشتہ ساڑھے پانچ برسوں میں ہوئی مبینہ چوریوں کا پورا حساب عوام کو بتایا جانا چاہیے۔ محترمہ شرینیت نے الزام لگایا کہ معاملے میں صرف چھوٹے ملزموں کو گرفتار کیا گیا، جبکہ بڑے ذمہ دار لوگوں کو بچایا گیا۔انہوں نے کہا کہ ٹرسٹ کے جنرل سکریٹری چمپت رائے کا استعفی اس بات کا اشارہ ہے کہ معاملہ سنگین ہے اور اس سے پورے ٹرسٹ کی ساکھ پر سوالات کھڑے ہوتے ہیں۔